## باجوڑ ایجنسی میں خودکش بم دھماکے پر ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کا اظہار مذمت

## ملک دشمن دہشت گرد خودکش حملوں اور بم دھماکوں کے ذریعے ملک کو غیر مستحکم کرنے پر تلے ہوئے ہیں، الطاف حسین

لندن۔۔۔30، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے باجوڑ ایجنسی کے خار بازار میں ہونے والے خودکش بم دھماکے کی سخت مذمت کی ہے اور بم دھماکے میں ایف سی کے اہلکاروں سمیت کئی افراد کے شہید اور زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک دشمن دہشت گرد خودکش حملوں اور بم دھماکوں کے ذریعے ملک کو غیر مستحکم کرنے پر تلے ہوئے ہیں اور سیکورٹی فورسز کے اہلکاروں اور معصوم شہریوں کو نشانہ بنارہے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے بم دھماکے میں شہید ہونے والے ایف سی کے اہلکاروں سمیت تمام افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور شہیدوں کیلئے دعائے مغفرت کی۔ جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ دہشت گردوں کو جلد از جلد قلع قمع کر کے ملک وقوم کو دہشت گردی کی لعنت سے نجات دلائی جائے۔

## کوئٹہ میں کراچی سے ایران جانے والے زائرین پر فائرنگ کے واقعہ میں خاتون سمیت تین افراد کے جاں بحق اور متعدد کے زخمی ہونے پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔30، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کوئٹہ میں کراچی سے ایران جانے والے زائرین پر فائرنگ کے نتیجے میں خاتون سمیت تین افراد کے جاں بحق اور متعدد کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ کوئٹہ میں زائرین پر فائرنگ کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث عناصر کو فی الفور گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے۔انہوں نے جاں بحق ہونے والے افراد کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونے والے افراد کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے اور زخمی افراد کو جلد و مکمل صحت یابی عطا فرمائے۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، حق پرست صوبائی وزراء کی سندھ کے صوفی اور بزرگ شاعر حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کے عرس کے موقع پر مزار پر حاضری

## قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مزار پر چادر چڑھائی

بھٹ شاہ۔۔۔30، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی، حق پرست صوبائی وزراء عبدالحسیب، زبیر احمد اور وزیر اعلیٰ سندھ کے حق پرست صوبائی مشیر خواجہ اظہار الحسن نے سندھ دھرتی کے صوفی اور بزرگ شاعر حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کے سالانہ عرس کے موقع پر مزار پر حاضری دی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے پھولوں کی چادر چڑھائی۔ اس موقع پر ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج عمر قریشی، ایم کیوایم حیدرآباد زون کے زونل انچارج محمد شریف اور دیگر ذمہ داران بھی موجود تھے۔ایم کیوایم کے وفد نے مزار پر حاضری کے موقع پر ملک سے دہشت گردی کے خاتمے، امن وامان کے قیام، ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد کی کامیابی، ایم کیوایم کے خلاف سازشوں کے خاتمے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعائیں کیں۔ بعدازاں ایم کیوایم کے وفد نے حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کے عرس پر مزار کے باہر ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے لگائے گئے طبی کیمپ کا دورہ بھی کیا اور زائرین کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔انہوں نے طبی کیمپ پر خدمات انجام دینے والے ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے عملے کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## قصبہ کالونی میں لسانی تنظیم کے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ یونٹ 132 کے ایریا انچارج جاوید زاہد کی شہادت اور کئی ہمدروں کے زخمی ہونے کا سختی سے نوٹس لیا جائے، حق پرست ارکان قومی اسمبلی

## پرانی سبزی منڈی کے علاقے میں جرائم پیشہ شخص کی گرفتاری کو جواز بنا کر مختلف علاقوں میں اردو بولنے والوں پر تشدد اوران کی گاڑیوں کو پتھراؤ کا نشانہ بنانے کا عمل لسانی تنظیم کے جرائم پیشہ عناصر سے رابطوں کا کھلا ثبوت ہے

کراچی۔۔۔30،جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے مطالبہ کیا ہے کہ قصبہ کالونی میں لسانی تنظیم کے مسلح دہشت گردوں کی اندھا دھند فائرنگ اوراس کے نتیجے میں ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ 132 کے ایریا انچارج جاوید زاہد کی شہادت سمیت متعدد ہمدردوں کے زخمی ہونے کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور مسلح دہشت گردوں سے عوام کی جان ومال کو تحفظ فراہم کرنے کیلئے مثبت اقدامات کئے جائیں۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ پرانی سبزی منڈی کے علاقے میں ایک جرائم پیشہ شخص کی گرفتاری کو جواز بنا کر مختلف علاقوں میں اردو بولنے والوں پر تشدد اوران کی گاڑیوں کو پتھراؤ کا عمل پختونوں کے حقوق کی نام نہاد علمبردار لسانی تنظیم کے مذموم عزائم کو ظاہر کرتا ہے۔انہوں نے کہا کہ لسانی تنظیم اسلحہ اور کھلی دہشت گردیوں کے ذریعے مختلف علاقوں میں اردو بولنے والوں پر تشدد کررہی ہے اور گاڑیوں پر پتھراؤ کررہی ہے گزشتہ روز بھی لسانی تنظیم کے دہشت گردوں نے قصبہ کالونی اے ون ایریا کی اردو بولنے والی آبادی پر پہاڑی سے اندھا دھند فائرنگ جس کے نتیجے میں ایم کیوایم کے ایریا انچارج جاوید زاہد شہید ہوگئے جبکہ مسلح دہشت گردوں نے آنے جانے والے لوگوں پر بھی اندھا دھند فائرنگ کی جس کے باعث ایم کیوایم یونٹ 132 کے کارکن اقبال حسین کے بھائی سفیان شدید زخمی ہوگئے۔انہوں نے کہا کہ جرائم پیشہ شخص کی گرفتاری پر حوصلہ افزائی کے بجائے شہر میں لسانی تنظیم کی اسلحہ کے زور پر قتل وغارتگری کی کارروائیوں نے ثابت کردیا ہے کہ وہ شہر کا امن تباہ کرنا چاہتی ہے اوراس کے جرائم پیشہ، لینڈ مافیا اور منشیات فروشوں سے روابط ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے جاوید زاہد شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور زخمیوں کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدرمملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی ،وفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک اور وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ لسانی تنظیم کے دہشت گردوں کی جانب سے پرانی سبزی منڈی کے علاقے میں جرائم پیشہ شخص کی گرفتاری کو جواز بنا کر علاقے میں گاڑیوں پر پتھراؤ، اردو بولنے والے راہگیروں کو تشدد کا نشانہ بنانے ،ایم کیوایم کے ایریا انچارج جاوید زاہد کی شہادت اور کئی ہمدردوں کو زخمی کرنے کے واقعات کا فی الفور نوٹس لیا جائے اوراس میں ملوث لسانی تنظیم کے دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے۔

## لسانی تنظیم کے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ شہید ہونے والے ایم کیوایم قصبہ کالونی کے ایریا انچارج جاوید زاہد کو سپرد خاک کردیا گیا

## شہید کا سوئم اتوار کو قصبہ کالونی میں واقع رہائشگاہ پر ہوگا

کراچی۔۔۔30،جنوری2010ء

لسانی تنظیم کے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ کے نتیجے میں شہید ہونے والے ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ 132 کے ایریا انچارج جاوید زاہد کو آہوں اور سسکیوں کے درمیان سپرد خاک کردیا گیا اور شہید کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔جاوید زاہد شہید کی نماز جنازہ ان کی رہائش گاہ کے قریب واقع مسجد میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن کیف الوریٰ، حق پرست رکن سندھ اسمبلی مظاہر امیر، اورنگی ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم عبدالحق، نائب ٹاؤن ناظم شاہد بشیر، یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین، کونسلرز، ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن اور قصبہ علی گڑھ سیکٹر کمیٹی کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور شہید کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔قبل ازیں شہید کا جنازہ جب اٹھایا گیا تو کہرام مچ گیا اس موقع پر ہر آنکھ اشکبار اور فضا سوگوار تھی۔جاوید زاہد شہید کا سوئم 31 جنوری بروز اتوار کو بعد نماز ظہر قصبہ کالونی میں واقع ان کی رہائشگاہ پر ہوگا جس میں شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔

## پنجاب کے ضلع سرگودھا میں خواتین پر تشدد اور نیم برہنہ حالت میں گلیوں میں گھسیٹنے کے وحشیانہ عمل میں ملوث بااثر افراد کو گرفتار کر کے عبرتناک سزائیں دی جائیں، اراکین رابطہ کمیٹی

لاہور۔۔۔30،جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان افتخار اکبر رندھاوا اور ڈاکٹر علی حسن نے پنجاب کے ضلع سرگودھا میں بااثر افراد کی جانب سے خواتین پر تشدد اور نیم برہنہ حالت میں گلیوں میں گھسیٹنے کے وحشیانہ عمل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا صوبہ پنجاب کے مختلف اضلاع میں انسانیت سوز واقعات کا فی الفور نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث عناصر کے خلاف بلاتفریق کارروائی عمل میں لائی جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ سرگودھا میں خواتین کے ساتھ پیش آنے والا واقعہ دالخراش ہے اور اس میں ملوث بااثر سے بااثر افراد کو فی الفور قانون میں گرفت میں لاکر مظلوم خواتین کو انصاف فراہم کیا جائے۔رابطہ کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ پنجاب میں تسلسل کے ساتھ خواتین اور بچیوں کے ساتھ زیادتی اور ناانصافیوں کے واقعات اخبارات اور میڈیا میں جگہ لیتے رہتے ہیں لیکن پنجاب حکومت اور انتظامیہ کی جانب سے ان افسوسناک واقعات کی روک تھام کیلئے عملی اور مثبت اقدامات دیکھنے میں نہیں آرہے ہیں جس کے باعث یہ واقعات روزمرہ کا معمول بن گئے ہیں۔رابطہ کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ اگر حکومتی اور انتظامی سطح پر ایسے دالخراش اور افسوسناک واقعات کا فی الفور نوٹس لیا جاتا اور ان میں ملوث سفاک عناصر کے خلاف کارروائی کی عمل میں لائی جاتی تو مظلوم خواتین اور بچیوں کے ساتھ ناانصافیوں اور زیادتیوں کا رویہ رکھنے والے عناصر کو اس قسم کی گھناؤنی حرکات کرنے کی جرات ہی نہیں ہوتی۔رابطہ کمیٹی کے اراکین افتخار اکبر رندھاوا اور ڈاکٹر علی حسن نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک اور وزیراعلیٰ پنجاب شہباز شریف سے مطالبہ کیا کہ سرگودھا میں بااثر افراد کی جانب سے خواتین پر تشدد اور نیم برہنہ حالت میں گلیوں میں گھسیٹنے کے وحشیانہ عمل کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث بااثر سے بااثر افراد کو فی الفور گرفتار کر کے عبرتناک سزائیں دی جائیں۔

## رابطہ کمیٹی کے رکن توصیف خانزادہ نے یوم عاشور بم دھماکے کے زخمیوں کی عیادت کی اور الطاف حسین کی جانب سے مالی امداد کی

کراچی۔۔۔30،جنوری2010ء

سانحہ کراچی یوم عاشورہ پر ہونے والے بم دھماکے کے زخمیوں میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مالی امداد کی تقسیم کا سلسلہ جاری ہے۔اس سلسلے میں گزشتہ روز ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن توصیف خانزادہ نے یوم عاشور کے بم دھماکے میں زخمی ہونے والے پی آئی بی، لائینز ایریا، برنس روڈ اور ڈیفنس سے تعلق رکھنے والے افراد کی رہائشگاہوں کا دورہ کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے زخمیوں کی عیادت کی۔اس موقع پر ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے اراکین بھی ان کے ہمراہ تھے۔توصیف خانزادہ نے زخمی افراد سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور ان کی مالی امداد کی۔انہوں نے زخمی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## شاہین قریشی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔30،جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے CPNE کے سینئر نائب صدر اور روزنامہ جنگ گروپ کے کورآڈی نیشن ایڈیٹر شاہین قریشی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## کوئٹہ میں زائرین پر فائرنگ سے جاں بحق ہونے والے کراچی کے علاقے ملیر کے رہائشی عباس زیدی کی نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیو ایم کے رہنماؤں کی شرکت

کراچی۔۔۔30، جنوری2010ء

کوئٹہ میں کراچی سے ایران جانے والے زائرین پر فائرنگ سے جاں بحق ہونے والے کراچی کے علاقے ملیر کے رہائشی عباس زیدی کو وادی حسین کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ مرحوم کی نماز جنازہ مین نیشنل ہائی وے پر ادا کی گئی۔ نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی وسیم احمد، ملیر ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم ندیم راضی، یوسی ناظمین، کونسلرز، ایم کیو ایم ملیر سیکٹر کمیٹی کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔ بعدازاں حق پرست ٹاؤن ناظم ندیم راضی نے عباس زیدی مرحوم کی رہائشگاہ جاکر سوگواران سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے دعا بھی کی۔

## ایم کیو ایم سانگھڑ زون یونٹ شاہ سکندر آباد کے کارکن مراد علی چانڈیو کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔30 جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم سانگھڑ زون یونٹ شاہ سکندر آباد کے کارکن مراد علی چانڈیو کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ میں اور ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مراد علی چانڈیو مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائیں اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیو ایم کے سوگواران کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔30 جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم سانگھڑ زون یونٹ شاہ سکندر آباد کے کارکن مراد علی چانڈیو، ایم کیو ایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 166 کے کارکن افضل محمود کی والدہ محترمہ نسیم اختر، ایم کیو ایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 148 کے کارکن سلمان سعید کے والد سعید احمد خان اور ایم کیو ایم نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ 137/A کے کارکن دانش علی خان کے بھائی ارشاد علی خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆